صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 16 اپریل 2018ء بمطابق 29 رجب 1439 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر سات منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مسند نشین، محمود جان کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَالۡعَصۡرِ ۝ إِنَّ الۡإِنسَـٰنَ لَفِی خُسۡرٍ ۝ إِلَّا الَّذِینَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّـٰلِحَـٰتِ وَتَوَاصَوۡاْ بِالۡحَقِّ وَتَوَاصَوۡاْ بِالصَّبۡرِ۔

(ترجمہ): عصر کی قسم۔ کہ انسان نقصان میں ہے۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور آپس میں حق (بات) کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیم۔

Mr. Chairman: Mr. Baldiv Kumar, Member Elect, to stand in front of his seat to take his oath, Mr. Baldiv Kumar, Member Elect, to stand in front of his seat to take his oath, Mr. Baldiv Kumar, Member Elect, to stand in front of his seat to take his oath.

جناب بلدیو کمار (نو منتخب رکن): میں بلدیو کمار، صدق دل سے۔۔۔۔۔

(شور)

کورم کی نشاندہی

(اس مرحلہ پر کورم کی نشاندہی کی گئی)

جناب مسند نشین: دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں مگر کورم پورا نہیں ہوا)

جناب مسند نشین: دو منٹ کیلئے دوبارہ گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر دوبارہ گھنٹیاں بجائی گئیں مگر پھر بھی کورم پورا نہیں ہوا)

جناب مسند نشین: نو ممبرز ہیں اس وقت، دو منٹ کیلئے وقفہ کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر کچھ دیر کیلئے وقفہ کیا گیا)

جناب مسند نشین: دو منٹ کیلئے پھر گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں مگر پھر بھی کورم پورا نہیں ہوا)

جناب مسند نشین: ٹوٹل اس وقت ہاؤس میں دس ممبرز بیٹھے ہوئے ہیں اور گیٹ پر جو ٹوٹل انٹری ہوئی ہے اسمبلی میں، تو اٹھارہ ہے تو اگر ہم پھر بھی انتظار کریں تو کورم پورا نہیں ہوتا اور ہم نے جو پروڈکشن آرڈرز بلدیو کمار کیلئے ایشو کئے ہوئے ہیں لیکن چونکہ کورم پورا نہیں ہو رہا، اسلئے سیشن کو Prorogue کرتے ہیں۔

اجلاس کا غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کیا جانا

جناب مسند نشین: میں گورنر کا فرمان سناتا ہوں، میں گورنر خیبر پختونخوا کا فرستادہ فرمان پڑھ کر سناتا ہوں:

"In exercise of the powers conferred by clause (b) of Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Iqbal Zafar Jhagra, Governor of the Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the session of the Provincial Assembly shall stand

prorogued on Monday the 16th April, 2018, after conclusion of its business fixed for the day, till such date as may hereafter be fixed".

اس فرمان کی رو سے میں اسمبلی اجلاس کو غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)